نیسلے پاکستان اور NIFSAT-UAF کا فوڈ سائنس ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے اشتراک

لاہور: 7 اکتوبر 2020

نیسلے پاکستان نے زرعی شعبے اور فوڈ سائنس ٹیکنالوجی کی ترقی اور استعداد کار میں اضافہ پر توجہ مرکوز کیلئے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، یونیورسٹی آف ایگریکلچر (NIFSAT-UAF) کے ساتھ شراکت داری قائم کی ہے۔

مفاہمت کی یادداشت (MoU) کے تحت نیسلے پاکستان اور NIFSAT لیبارٹری ٹیسٹوں کے طریقہ کار میں درستگی، خوراک کے تحفظ کے بارے میں آگاہی پروگرام اور تربیت کے حوالے سے مل کر کام کریں گے۔ دونوں کمپنیاں خوراک کے حوالے سے معیارات کو ہم آہنگ کرنے کیلئے ریگولیٹری اتھارٹیز کو معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ عام لوگوں میں دودھ کی کوالٹی اور تحفظ کے بارے میں ان کی آگاہی مہم میں بھی اشتراک بھی کریں گے۔ یہ اقدام مطلوبہ اہداف کے حصول کیلئے شراکت داری قائم کرنے کے بارے میں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs17) کے مطابق ہے

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ثامر شدید، سی ای او، نیسلے پاکستان نے کہا ''نیسلے پاکستان، موجودہ اور آنے والی نسلوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے اپنے غذائی قوت کے فلسفے کے تحت خوراک اور فارم سیکٹر کی ترقی کیلئے کام کرنے پر یقین رکھتی ہے کیونکہ یہ دونوں شعبے پاکستان میں معاشی ترقی میں کافی اہمیت رکھتے ہیں۔ ان مشترکہ اقدامات پر مل کر کام کرنے سے ہمارے اہداف کے حصول اور خوراک کے تحفظ اور خوراک کے معیار کو ہم آہنگ بنانے کیلئے بہترین عالمی طریقہ کار پر عمل درآمد میں مدد ملے گی۔

پروفیسر ڈاکٹر آصف تنویر، وائس چانسلر یو اے ایف نے اس شراکت داری پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ''ہم اس اقدام پر یقین کرنے پر نیسلے پاکستان کے شکر گزار ہیں۔ ہم فارمنگ کے حوالے سے بہترین طریقہ کاروں پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہوئے تربیت اور تحقیق پر مل کر کام کریں گے۔''

زرعی خدمات نیسلے پاکستان کے فلسفے کا ایک لازمی حصہ ہے جو کسانوں کے معاشی سماجی حالات اور ذریعہ معاش کو بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔ نیسلے پاکستان زراعت اور ڈیری فارمنگ میں خاص مہارت رکھنے والی پیشہ وارانہ ماہرین پر مشتمل ٹیموں کے ذریعے کسانوں کو ڈیری اور زراعت کے بارے میں جدید حل فراہم کرتا ہے۔ یہ شراکت داری نچلی سطح سے خوراک، زراعت اور ڈیری سیکٹر کی بہتری کیلئے خاص طور پر مختص کی گئی ہے۔

دریں اثناء نیسلے پاکستان، کمپنی کے عالمی سطح کی پیکیجنگ میں پائیدار تبدیلی کے سفر کے تحت 2025 تک اپنے پیکیجنگ میٹریل کو 100 فیصد ری سائیکل یا دوبارہ استعمال کے قابل بنانے کا وژن رکھتا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ کمپنی کا پیکیجنگ میٹریل بشمول پلاسٹک نہ تو زمینی گڑھوں میں اور نہ ہی سمندروں، جھیلوں اور دریاؤں میں پھینکا جائے۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔ نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیار زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پرعزم ہے۔ نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں

محمد راحت حسین

منیجر پبلک افیئرز نیسلے پاکستان

muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com